**20.04.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. شبانہ رحمٰن

**Music**

1 لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں 62 اعشاریہ تین سات فیصد سے زیادہ رائے دہندگان نے ووٹ دیے۔
2 پہلے مرحلے کے بعد لوک سبھا انتخابات کے باقی چھ مرحلوں کے لیے چناؤ مہم تیز ہوگئی ہے۔
3 تیسرے مرحلے کے چناؤ کے لیے آج نامزدگی کے کاغذات کی جانچ پڑتال کی جا رہی ہے۔
4 امریکہ نے چین اور بیلاروس کی کمپنیوں پر پاکستان کو بیلسٹک میزائل کے کل پرزے مہیا کرنے کی بنا پر پابندیاں لگادی ہیں۔
5 اور IPL کرکٹ ٹورنامنٹ میں لکھنو میں لکھنو سپر جائنٹس نے چنئی سپر کنگس کو آٹھ وکٹ سے ہرایا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**EC Overall First Phase**

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے تحت کُل 102 سیٹوں کیلئے ڈالے گئے ووٹوں کا فیصد کافی زیادہ یعنی 62 اعشاریہ تین سات رہا ۔ پولنگ عام طور پر پُر امن رہی اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے سخت گرمی کے باوجود اپنے اِس سماجی فرض کی ادائیگی کی ۔

102 پارلیمانی حلقوں میں سے لوک سبھا کی 11 سیٹیں درج فہرست قبیلوں اور 18 سیٹیں درج فہرست ذاتوں کیلئے ریزرو ہیں ۔ یہ حلقے 17 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام چار علاقوں میں ہیں ۔ یہ ریاستیں ہیں :

اترپردیش ، مغربی بنگال، بہار ، آسام ، مدھیہ پردیش ، مہاراشٹر ، راجستھان ،تمل ناڈو ، اترا کھنڈ ، اروناچل پردیش ، منی پور اور میگھالیہ ۔

لکشدیپ کی ایک لوک سبھا سیٹ پر سب سے زیادہ 83 اعشاریہ آٹھ آٹھ فیصد ووٹ ڈالے گئے۔

تری پورہ کی ایک لوک سبھا سیٹ پر 81 اعشاریہ چھ دو فیصد ووٹ ڈالے گئے ۔ مغربی بنگال کی تین لوک سبھا سیٹوں پر 80 اعشاریہ پانچ پانچ فیصد ، جبکہ سکم کی ایک لوک سبھا سیٹ پر 80 اعشاریہ صفر تین فیصد ووٹ ڈالے گئے۔ اترپردیش کی 8 سیٹوں پر 60 اعشاریہ دو پانچ فیصد ، بہار کی چار سیٹوں پر 48 اعشاریہ آٹھ آٹھ فیصد ، راجستھان میں آٹھ پارلیمانی حلقوں میں 57 اعشاریہ دو چھ فیصد مہاراشٹر کی پانچ سیٹوں پر 61 اعشاریہ آٹھ سات فیصد ، آسام کی پانچ سیٹوں پر 75 اعشاریہ نو پانچ فیصد اور تمل ناڈو کی سبھی 39 سیٹوں پر 69 اعشاریہ چار چھ فیصد سے زیادہ ووٹ ڈالے گئے۔ ان سبھی جگہوں پر پولنگ پہلے مرحلے کے تحت کرائی گئی ۔

اتراکھنڈ کی سبھی پانچ سیٹوں پر 55 اعشاریہ آٹھ نو فیصد اور چھتیس گڑھ میں ایک سیٹ پر ڈالے گئے ووٹوں کا فیصد 67 اعشاریہ پانچ چھ رہا ۔

اسی دوران میگھالیہ کی دو سیٹوں پر 74 اعشاریہ پانچ صفر اور جموں و کشمیر کی ایک سیٹ پر 68 اعشاریہ دو سات فیصد ووٹروں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔

پہلے مرحلے میں ایک ہزار 625 امیدوار میدان میں ہیں۔ سینئر BJP رہنما اور مرکزی وزراء نتن گڈکری ، سربانند سونووال ، کرن رنجیجو ، ڈاکٹر جتیندر سنگھ ، سنجیو بلیان اور BJP رہنما تملیسائی سندراجن اور جتن پرساد نیز کانگریس رہنما گورو گوگوئی ، کارتی چدمبرم اور نکُل ناتھ اور DMK کے دیاندھی مارن ، اس مرحلے کے اہم امیدواروں میں شامل ہیں۔

انتخابی کمیشن نے سبھی ووٹروں اور انتخابی عملے کا شکریہ ادا کیا ہے ۔ چھتیس گڑھ کے بستر علاقے کے 56 گاؤوں اور گریٹ نکوبار کے Shompen قبیلے نے پہلی بار ووٹنگ میں حصہ لیا۔ یہ قبیلہ گریٹ نکوبار جزیرے کے اندرونی علاقے میں رہتا ہے اور اسے خاص طور پر حساس قبائلی گروپ کا درجہ حاصل ہے۔ پولنگ میں ایسے لوگوں کی تعداد بھی کافی زیادہ رہی ، جنھوں نے پہلی بار ووٹ ڈالا ہے۔x

**PM First Phase**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ لوک سبھا چناؤ کے پہلے مرحلے میں بہت زیادہ جوش و خروش دیکھنے میں آیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے ووٹ دینے والے سبھی افراد کا شکریہ ادا کیا۔ x

## Karnataka Campaign

پہلے مرحلے کے انتخابات کے بعد اب لوک سبھا کے باقی ماندہ چھ مرحلوں کے چناؤ کیلئے انتخابی مہم میں تیزی آگئی ہے۔ کرناٹک اور کیرالہ سمیت کچھ دوسری ریاستوں میں آئندہ مرحلوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ کرناٹک میں دوسرے مرحلے میں 14 سیٹوں کیلئے ہونے والی چناؤ مہم میں وزیر اعظم نریندر مودی آج سہ پہر یہاں پہنچ رہے ہیں۔ وہ آج Chickballapur ضلع میں Chokkahalli گاؤں کے قریب ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے جبکہ شام میں بنگلورو کے پیلیس گراؤنڈ میں ایک دوسری ریلی سے خطاب کریں گے۔ وہ دونوں مقامات پر چھ انتخابی حلقوں کے پارٹی امیدواروں کیلئے انتخابی مہم کریں گے۔

جنتادل سیکولر، جو BJP کی ایک اتحادی پارٹی ہے، اُس نے Kolar سے اپنے امیدوار کو میدان میں اتارا ہے اور آج وہ بھی وزیراعظم کے اِس عوامی جلسے میں شامل ہوگی۔

کانگریس نے کچھ دن پہلے اِس خطے میں انتخابی مہم کی تھی، جس میں کانگریس لیڈر راہل گاندھی کے ساتھ وزیر اعلیٰ سدا رمیا اور ڈی کے شیو کمار اُن کے ساتھ اسٹیج پر موجود تھے۔

وزیراعلیٰ سدا رمیا میسور اور Mandya انتخابی حلقوں میں جبکہ ڈی کے شیو کمار آج مانڈیا میں انتخابی مہم انجام دے رہے ہیں۔۔ x

## Update Kerala Campaign

کیرالہ میں لوک سبھا انتخابات میں اب جبکہ محض کچھ ہی دن باقی رہ گئے ہیں، تین بڑی سیاسی پارٹیاں زور شور سے چناؤ مہم انجام دے رہی ہیں۔ یہاں 26 اپریل کو پولنگ ہوگی۔

آج مرکزی وزیر اور سینئر BJP رہنما نرملا سیتا رمن کا ترو اننت پورم میں NDA کیلئے چناؤ مہم میں حصہ لینے کا پروگرام منسوخ ہوگیا ہے۔

کانگریس رہنما پرینکا گاندھی UDF کی انتخابی مہم کیلئے Chalakudy، پتھنم تھٹّا (Pathanamthitta) اور ترو اننت پورم حلقوں کا دورہ کریں گی۔

اس دوران CPI کے قومی جنرل سکریٹری ڈی راجا آج وَیانند میں LDF کی مہم میں حصہ لیں گے۔

وزیر اعلیٰ پنارائی وجین آج Vadakara میں انتخابی مہم میں انجام دے رہے ہیں۔ تمل ناڈو سے BJP کی MLA محترمہ Vijayadharani آج شہر میں NDA مہم میں حصہ لے رہی ہیں۔ x

## Rev. Scrutiny Third Phase

آج لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال کا عمل جاری ہے۔ اس مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا کام، کل ختم ہوگیا تھا۔ 10 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں میں 94 پارلیمانی سیٹوں پر 7 مئی کو اِس مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔ پیر تک کاغذاتِ نامزدگی واپس لئے جاسکتے ہیں۔

لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا کام جاری ہے۔ 9 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کی 96 پارلیمانی سیٹوں پر 13 مئی کو اِس مرحلے کے تحت پولنگ ہوگی۔

آندھرا پردیش میں 175 سیٹوں پر ایک مرحلے میں ہونے والے اسمبلی انتخابات اور اڈیشہ میں 28 حلقوں کیلئے پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے ایک ساتھ نوٹیفکیشن جاری کیا گیا تھا۔

اِس مہینے کی 25 تاریخ تک کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے جاسکتے ہیں۔ x

## PM Rally Nanded

وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے آج ناندیڑ میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ جناب مودی نے ووٹنگ کے پہلے مرحلے پر اطمینان کا اظہار کیا اور زیادہ سے زیادہ تعداد میں ووٹ ڈالنے کی اپیل کی۔ جناب مودی نے حکمراں پارٹی اور اپوزیشن دونوں کے جمہوریت کیلئے انتھک کام کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ جناب مودی نے لاکھوں خواتین کو بیت الخلا کی سہولت، غریبوں کیلئے بینک کھاتوں کی سہولیات فراہم کرنے اور ڈیجیٹل انڈیا اور UPI ٹیکنالوجی کو متعارف کرانے سمیت NDA حکومت کی حصولیابیوں کو اجاگر کیا۔ جناب مودی نے کسان سمّان ندھی جیسی اسکیموں کے ذریعے کسانوں کو فراہم کیے گئے فائدوں کی ستائش کی اور تقسیم سے متاثر اُن افراد کو انصاف فراہم کرنے کیلئے ایک اقدام کے طور پر شہریت ترمیمی قانون کا دفاع کیا۔

اس ریلی میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے، BJP کے ممبر پارلیمنٹ اشوک چوہان اور ریپبلکن پارٹی آف انڈیا کے صدر اور سماجی انصاف کے مرکزی وزیر مملکت رام داس اٹھاولے موجود تھے۔ ناندیڑ اور ہنگولی لوک سبھا حلقے میں 26 اپریل کو پولنگ ہوگی۔ BJP نے پرتاپ پاٹل Chikhlikar کو جبکہ NDA اتحاد نے ہنگولی پارلیمانی حلقے سے بابو راؤ Kadam-Kohlikar کو میدان میں اتارا ہے۔ کانگریس نے ناندیر سے سابق MLA وسنت چوہان کو جبکہ شیو سینا اودھو بالا صاحب ٹھاکرے کے ناگیش پاٹل Ashtikar کو ہنگولی سے امیدوار بنایا ہے۔ x

## Odhisha Tragedy

اوڈیشہ کے Jharsuguda ضلع میں مہاندی دریا میں کشتی پلٹنے کے ایک حادثے میں مرنے والوں کی تعداد

بڑھ کر 7 ہوگئی ہے۔ انتظامیہ نے سبھی 7 لاشوں کی شناخت کرلی ہے۔ ایک لاپتہ خاتون کی تلاش کیلئے بچاؤ کی کارروائی ابھی جاری ہے۔

کل Jharsuguda ضلع کے لکھن پور گاؤں کے نزدیک مہاندی دریا میں یہ کشتی، جس پر تقریباً 54 افراد سوار تھے، پلٹ گئی تھی۔ کشتی پر سوار سبھی افراد کا تعلق نزدیکی ریاست چھتیس گڑھ ہے۔ x

## US - Pakistan

امریکہ نے چین میں قائم تین کمپنیوں اور بیلاروس کی ایک کمپنی پر ، پاکستان کو بیلسٹک میزائل کے کُل پُرزے فراہم کرنے کی وجہ سے بندشیں عائد کردی ہیں۔

چین کی Xian Longde ٹیکنالوجی ڈیولپمنٹ ، Tianjin Creative Source International Trade اور Granpect کمپنی لمیٹیڈ ، نیز بیلاروس کی Minsk Wheel Tractor Plant کمپنی نے پاکستان کے بیلسٹک میزائل پروگرام کیلئے ایسے کُل پُرزے سپلائی کئے تھے، جنھیں میزائل میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ یہ کُل پرزے پاکستان لمبی دوری کے اپنے میزائل پروگرام میں بھی استعمال کر سکتا ہے۔

امریکی محکمۂ خارجہ کے ترجمان Matthew Miller نے کہاکہ یہ کمپنیاں اس طرح کے لین دین یا اس طرح کی سرگرمیوں میں ملوث ہیں جن سے بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں کے فروغ یا انھیں سپلائی کرنے کے وسائل میں مادی طور پر خاطر خواہ تعاون کا اظہار ہوتا ہے یا اس کا اندیشہ پیدا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ان اندیشوں میں پاکستان کی طرف سے اس طرح کے کُل پرزوں کی تیاری، حصولی، ان کا ذخیرہ کرنے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا یا ان کا استعمال کرنا بھی شامل ہے۔x

## Brahmos Phillipines

بھارت نے کل فلپائن کو برہموس سپر سونک کروز میزائلوں کی پہلی کھیپ فراہم کردی ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق پہلی کھیپ بھارتی فضائیہ کے ٹرانسپورٹ طیارے سے پہنچائی گئی۔

فلپائن، مسلح افواج کے لئے نظرثانی شدہ فلپائن جدید کاری پروگرام کے تحت سسٹم حاصل کر رہا ہے۔

جنوری 2022 میں فلپائن نے برہموس کے ساحل سے داغے جانے والے جہاز شکن میزائل کی تین بیٹریز کیلئے بھارت کے 375 ملین ڈالر کا معاہدہ کیا تھا۔ اس طرح سے فلپائن بھارت اور روس کے درمیان مشترکہ طور پر تیار کیے جانے والے میزائل کیلئے پہلا گاہک بن گیا۔ x

North Korea Test

شمالی کوریا نے کہا ہے کہ اُس نے ’’ سُپر لارج کروز میزائل‘‘ اور ایک نئے طیارہ شکن میزائل کا تجربہ کیا ہے۔ یہ تجربہ ، مغربی ساحل پر کیا گیا کیونکہ شمالی کوریا ، امریکہ اور جنوبی کوریا کے ساتھ بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں اپنی فوجی صلاحیتوں میں اضافہ کررہا ہے۔ شمالی کوریا کے سرکاری میڈیا نے بتایا کہ یہ میزائل اپنے مخصوص نشانوں پر کامیابی کے ساتھ پہنچے۔

شمالی کوریا نے ایسے ہی کچھ تجربے فروری میں کئے تھے لیکن اُس نے کروز میزائل یا طیارہ شکن میزائل کا نام خاص طور پر نہیں لیا تھا۔

شمالی کوریا کے سرکاری میڈیا نے خاص طور پر کہا کہ یہ تجربے ، اُس کی فوجی ترقی سے متعلق لگاتار سرگرمیوں کا حصہ تھے۔ x

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات، IMD نے اوڈیشہ کے دور دراز کے علاقوں اور مغربی بنگال کے گنگا کے ترائی والے خطے میں پیر تک شدید گرمی کی صورت حال برقرار رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ اگلے دو سے تین دن تک اڈیشہ اور جھارکھنڈ کے کچھ علاقوں میں شدید گرمی رہنے کا امکان ہے۔

محکمۂ موسمیات کے مطابق تلنگانہ، ساحلی آندھرا پردیش، Yanam، رائل سیما و تلنگانہ، کیرالہ، Mahe، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکّم میں منگل کے روز تک گرمی اور اومس کے حالات رہنے کا امکان ہے۔

IMD نے مزید کہا ہے کہ جموں و کشمیر، لداخ، گلگت بلتستان، مظفر آباد، ہماچل پردیش، پنجاب، ہریانہ اور راجستھان میں اگلے چند روز تک گرج چمک کے ساتھ بجلی اور تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش برفباری ہونے کا امکان ہے۔ x

IPL Cricket

IPL کرکٹ میں ، کل رات لکھنؤ میں میچ میں لکھنؤ سپر جائنٹس نے چنئی سُپر کنگس کو 8 وکٹ سے ہرایا۔ جیت کیلئے مقررہ 177 رَن کے نشانے کو لکھنؤ سُپر جائنٹس نے 19 اوورس میں 2 وکٹ کے نقصان پر 180 رن بنا کر حاصل کرلیا۔ لکھنؤ کیلئے کے ایل راہل نے 53 گیند پر شاندار 82 رن بنائے۔

اس سے قبل پہلے بلے بازی کرتے ہوئے چنئی سُپر کنگس نے مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ کے نقصان پر 176 رَن بنائے۔ چنئی کیلئے رویندر جڈیجہ نے 40 گیند پر سب سے زیادہ 57 رن بنائے۔ کے ایل راہل کو میچ کا

بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج شام دلّی میں ساڑھے سات بجے ڈیلی کیپٹلس کا مقابلہ سَن رائزر حیدر آباد سے ہوگا۔ x

☆☆☆☆☆